اونٹ چلا بھئی، اونٹ چلا!

Author: Prayag Shukla
Illustrator: Siraj Saxena
Translator: Faiyaz Ahmed

اُڑتی اُڑتی

تتلی مجھ کو ایک ملی
پھول پھول پر اُڑتی تھی
اِدھر اُدھر کو مڑتی تھی
پیلی، کالی، بھوری تھی
بس تھوڑی سی دوری تھی
لیکن ہاتھ بڑھایا جب
اس کو اُڑتے پایا تب
نہیں پکڑ میں آتی وہ
اُڑتی، اُڑتی جاتی وہ!!

دھمک دھمک

دھمک دھمک جاتا ہاتھی
دھمک دھمک آتا ہاتھی
اپنی سونڈ اٹھاتا ہاتھی
اپنی سونڈ گراتا ہاتھی
جب پانی میں جاتا ہاتھی
بھر بھر سونڈ نہاتا ہاتھی

دھمک دھمک جاتا ہاتھی
دھمک دھمک آتا ہاتھی
کتنے کیلے کھاتا ہاتھی
یہ تو نہیں بتاتا ہاتھی
دھمک دھمک جاتا ہاتھی
دھمک دھمک آتا ہاتھی

چلو اسکول

ہرے ہرے پتّے
لال لال پھول
چلو بھئی، جلدی
چلو اسکول
چھوٹ گئی پنسل
کاپی گئے بھول
جلدی لو بھئی
چلو اسکول!

پیلی نیلی، نیاری تتلی

تتلی، ننھی پیاری تتلی
پیلی نیلی، نیاری تتلی
پھولوں پر پھولوں سی تتلی
تتلی کیاری، کیاری تتلی
اپنے ننھے پر اٹھائے
رنگوں کی اِک لہر بنائے
چپ چپ چپ اُڑتی جائے
کھلی دھوپ میں کتنی بھائے!

اونٹ چلا

اونٹ چلا بھئی، اونٹ چلا

ہلتا ڈولتا اونٹ چلا

اتنا اونچا اونٹ چلا

اونٹ چلا بھئی، اونٹ چلا

اونچی گردن، اونچی پیٹھ

پیٹھ اُٹھائے اونٹ چلا!

بالو ہے تو ہونے دو
بوجھ اونٹ کو ڈھونے دو
نہیں پھنسے گا بالو میں
بالو میں بھی اونٹ چلا!
جب تھک کر بیٹھے گا اونٹ
کس کروٹ بیٹھے گا اونٹ!
بتا سکے گا کون بھلا؟
اونٹ چلا بھئی، اونٹ چلا!

مور

ناچ رہا ہے دیکھو مور
گھوم گھوم کر چاورں اور
کھول دیے ہیں سارے پنکھ
رنگ برنگے نیارے پنکھ
بادل جب چھائے گھنگھور
جھوم جھوم اٹھتا ہے مور
گھوم گھوم کر چاروں اور
ناچ دکھاتا سندر مور!!

بڑا قیمتی

چاہے کھاؤ اڈلی ڈوسا

یا پھر گرم سموسہ

چاہے کھاؤ خوب مٹھائی

ربڑی اور ملائی

چاہے کھاؤ پوری بھاجی

یا پھر بینگن بھاجا

چاہے کھاؤ نرم ڈھوکلا

بالکل تازہ تازہ

کبھی نہ کھانا جلدی جلدی

کچھ بھی نہیں گرانا

بڑا قیمتی ہوتا بھائی

کھانے کا ہر دانہ!

جھر جھر

جھر جھر برس رہی ہیں بوندیں
جی کرتا ہے ان کو چھودیں
پلکوں پر بھی یہ آجائیں
رہیں کھڑے ہم آنکھیں موندیں
لیکن ہم کیوں موندیں آنکھیں؟
بھیگ رہی چڑیوں کی پانکھیں
پتّی پتّی ڈالی ڈالی
گھوم رہی ہیں اپنی آنکھیں
دیکھ رہی ہیں چھت، مکان، گھر
بوندیں برس رہی ہیں جھر جھر!

سرپٹ، جھٹ پٹ

دوڑے لال ٹماٹر سرپٹ

ہرے مٹر بھی آئے جھٹ پٹ

گوبھی ذرا لڑھکتی آئی

دھنیے نے بھی دوڑ لگائی

سرپٹ، جھٹ پٹ

جھٹ پٹ، سرپٹ

دوڑ لگائی

دوڑ لگائی!!

جھولا جھولے

جھولا جھولے گڑیا رانی
جُھلا رہی ہے چڑیا رانی
دیکھ رہے ہیں بندر ماما
پہنے کرتا اور پائجامہ
بلّی خالہ بھی آئی ہے
اپنا چشمہ لائی ہے
جی کرتا ہے وہ بھی جھولے
مارے پینگ، گگن کو چھولے!!

چھاتا

جب پاپا بازار گئے

تو گیا ساتھ میں چھاتا

دھوپ اور گرمی سے ان کو

ہے یہ خوب بچاتا

ایک ہاتھ میں جھولا ان کے

ایک ہاتھ میں چھاتا

جب آتی برسات، ساتھ میں

یہ بھی چلتا جاتا

خود بارش میں بھیگا کرتا

پر یہ انہیں بچاتا

جیسے سر کے اوپر چھت ہے

ویسے ہی یہ چھاتا!

بہتی جائے

کاغذ کی اک ناؤ بنائیں

اس کو پانی میں تیرائیں

دور کہیں وہ بہتی جائے

نہیں پلٹ کر ہم تک آئے

جانے کس ندیا میں جائے

بہتی بہتی چلتی جائے

لہریں ناچیں، وہ بھی ناچے

دور دور تک بہتی جائے!!

میری پنسل

پنسل میری دکھا سکتی
دیکھو کتنے بڑے کمال
لکھ سکتی ہے اچھے حرف
حل کر سکتی کئی سوال
پتّے، پھول بنا سکتی ہے
پودے، گملے، چڑیا، شیر
خط کھینچ کر کھڑے کر سکتی
گھر آنگن، لگتی کیا دیر؟

ریل چلی

ریل چلی، بھائی ریل چلی
چُھک چُھک کرتی، ریل چلی!
پٹری پٹری، ریل چلی
سیٹی دیتی، ریل چلی!
نہیں سواری، دھیمی سی
آج ہماری، میل چلی
ریل چلی، بھائی ریل چلی!!

گیند

اُچھل پچُھل کر
جاتی گیند
اچھی دوڑ
لگاتی گیند
ہم کو خوب
بھگاتی گیند
یہیں کہیں
چُھپ جاتی گیند
سب کو خوب
تھکاتی گیند

Story Attribution:

This story: اونٹ چلا بھئی، اونٹ چلا! is translated by Faiyaz Ahmed . The © for this translation lies with Pratham Books, 2012. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Based on Original story: 'ऊँट चला, भई! ऊँट चला', by Prayag Shukla . © Pratham Books , 2012. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

Other Credits:

'Oont Chala Bhai Oont Chala' has been published on StoryWeaver by Pratham Books. www.prathambooks.org

Images Attributions:

Cover page: Two camels looking at each other, by Siraj Saxena © Pratham Books, 2012. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 2: Butterflies, by Siraj Saxena © Pratham Books, 2012. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 3: Elephants, by Siraj Saxena © Pratham Books, 2012. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 4: An elephant near a fence, by Siraj Saxena © Pratham Books, 2012. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 5: A school building, by Siraj Saxena © Pratham Books, 2012. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 6: Two butterflies flying, by Siraj Saxena © Pratham Books, 2012. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 7: A purple camel, by Siraj Saxena © Pratham Books, 2012. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 8: A blue camel, by Siraj Saxena © Pratham Books, 2012. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 9: Two peacocks, by Siraj Saxena © Pratham Books, 2012. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 10: Food, by Siraj Saxena © Pratham Books, 2012. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

اونٹ چلا بھئی، اونٹ چلا!
(Urdu)

پریاگ شُکل کی سادہ، سلیس اور دلچسپ نظموں کا مجموعہ۔ سیرج سکسینہ کی مصوری کے جاذب نظر نمونے۔

This is a Level 2 book for children who recognize familiar words and can read new words with help.